DO NOT WRITE ANYTHING HERE

جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اس کو بھی مان ملے
جو پان کھلادے پان ملے ، جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے ، احسان کرے احسان ملے
جو جیسا جس کے ساتھ کرے ، پھر ویسا اس کو آن ملے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں ، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

17. نظم "پہاڑ اور گلہری" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **[3]**

یا

نظم "قدم بڑھاؤ دوستو!" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

حصہ – د/(SECTION – D)

18. اسمٰعیل میرٹھی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ **[4]**

یا

بشر نواز کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔

19. اپنے دوست کو امتحان میں اچھے نمبر سے پاس ہونے پر مبارکباد کا خط لکھئے۔ **[4]**

یا

اپنے پرنسپل صاحب کو آپ کے بیمار ہونے کی خبر دیتے ہوئے چھٹی کی درخواست لکھئے۔

20. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے **کسی ایک** پر مضمون لکھئے۔ **[4]**

(i) صفائی کی اہمیت
(ii) حُبّ وطن
(iii) چڑیا گھر کی سیر ۔

(SECTION – C) / حصہ – ج

14. مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھئے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے : **[3]**

کاٹھ کے گھوڑے میں اٹھانے کی ہمّت نہیں۔ وہ آگے نہیں بڑھ پا رہا اور اس کے پیچھے بھیڑ میں وہ وزیر رکا ہوا ہے جسے کسی غیر ملکی وفد سے وقت مقرّرہ پر بات کرنا ہے، وہ ڈرائیور اٹکا ہوا ہے، جسے ملک کے کسی دوسرے شہر کی طرف ریل گاڑی لے کر جانا ہے۔ اسکول کے وہ بچّے رُکے ہوئے ہیں جو کل کے مالک ہوں گے۔ ڈاکٹر ، نرس، انجینیر سب کے قدم بندھ کر رہ گئے ہیں۔

یا

تکلّف کے خلاف آپ جو چاہیں کہیں لیکن آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ تکلّف سراسر نفاست ہے اور بے تکلّفی سراسر کثافت۔ تکلّف " پہلے آپ " ہے تو بے تکلّفی "پہلے ہم اور جہنم میں جائیں آپ!" تکلّف گز بھر لمبا گھونگھٹ ہے تو بے تکلّفی گز بھر لمبی زبان۔ تکلّف زیرِ لب مسکراہٹ ہے تو بے تکلّفی خندۂ بے باک۔

15. سبق "خدُا کے نام ایک خط" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **[3]**

یا

سبق "نئی روشنی" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

16. مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔ **[3]**

(i) کوئی اُمید بَر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

(ii) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

یا

(SECTION – B) / حصہ – ب

نوٹ : مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

تحریک آزادی کے دوران انگریزوں نے ہزاروں مجاہدینِ آزادی کو جیل میں ڈال دیا اور ان پر بہت ظلم و ستم کیے۔ ہزاروں کو بندوق کا نشانہ بنایا اور سینکڑوں کو پھانسی کے پھندے پر لٹکایا گیا۔ لیکن اس کے باوجود آزادی کے دیوانوں کا جذبہ کم نہیں ہوا بلکہ اور بھی بڑھتا گیا۔ ان مجاہدینِ آزادی میں مہاتما گاندھی، جواہرلال نہرو، سردار ولبھ بھائی پٹیل، حکیم اجمل خاں، مولانا محمد علی جوہر وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ تحریک آزادی کے دوران انگریزوں کے آزادی کے بدلے کچھ اور دینے کی تجویز کا مجاہدینِ آزادی نے ایک ہی جواب دیا۔

طلب فضول ہے کانٹے کی پھول کے بدلے
نہ لیں بہشت بھی ہم ہوم رول کے بدلے

4. تحریک آزادی کے دوران انگریزوں نے مجاہدینِ آزادی کے ساتھ کیا کیا؟ **[2]**

5. انگریزوں کے ظلم و ستم سے مجاہدینِ آزادی کے جذبہ پر کیا فرق پڑا؟ **[2]**

6. کنہیں دو مجاہدینِ آزادی کے نام لکھئے۔ **[2]**

7. مصرع۔ " نہ لیں بہشت بھی ہم ہوم رول کے بدلے" کا مطلب لکھئے۔ **[2]**

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصرًا لکھئے :

8. فعل کی تعریف مع مثال لکھئے۔ **[2]**

9. صفت کی تعریف لکھئے۔ مثال بھی دیجئے۔ **[2]**

10. محاورہ " سخت جان ہونا " کے معنیٰ لکھئے۔ **[2]**

11. مندرجہ ذیل الفاظ کے مذکر لکھئے۔ **[2]**

(i) بہن (ii) چاچی

12. مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے۔ **[2]**

(i) ایمان (ii) حیا

13. مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھئے۔ **[2]**

(i) ختمہ (ii) سکتہ

2. مندرجہ ذیل **خالی جگہ** پُر کیجیے۔

(i) آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دُنیا پہلے ____________ تھی۔ [1]

(ii) کم روشنی میں نہیں ____________ چاہیے۔ [1]

(iii) بنگالی ، مراٹھی، گجراتی ، پنجابی ، سندھی ، آسامی اور اڑیا بھی نئی ____________ زبانیں ہیں۔ [1]

(iv) نظم "نیکی اور بدی" کے شاعر ____________ ہیں۔ [1]

(v) ہستی اپنی ____________ کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے [1]

(vi) سفر کی ____________ ہے یہ ، ابھی رکو نہ راہ میں۔ [1]

3. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک جملے** میں لکھیے :

(i) نظم "اے شریف انسانو!" میں شاعر نے جنگ کو امنِ عالم کا خون کیوں کہا ہے ؟ [1]

(ii) التمش کی وصیّت کن لوگوں کو پسند نہیں آئی ؟ [1]

(iii) اے۔ٹی۔ا یم (ATM) کا پورا نام کیا ہے ؟ [1]

(iv) "اُمید بر نہ آنا" سے غالبؔ کی کیا مُراد ہے ؟ [1]

(v) دُنیا جب ٹھنڈی پڑی تو کیا ہوا ؟ [1]

(vi) گلہری نے پہاڑ کو کیا جواب دیا ؟ [1]

(vii) امبیڈکر کو بچپن میں کس برائی کا سامنا کرنا پڑا ؟ [1]

(viii) سنسکرت سے عام لوگ کیوں دور ہوگئے ؟ [1]

(ix) کس کی ناؤ پار اُترتی ہے ؟ [1]

(x) وزیر علی کے کارنامے سن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں ؟ [1]

(xi) شکایات کا واحد لکھیے۔ [1]

(xii) بھلائی کا متضاد لکھیے۔ [1]

(ix) لین شو نے خط کے لفافے پر پتے کی جگہ لکھا۔ [1]

(A) یہ خط دوست کو ملے (B) یہ خط خُدا کو ملے

(C) یہ خط پوسٹ ماسٹر کو ملے (D) یہ خط میری بیوی کو ملے

(x) باعزّت زندگی گزارنے کے لئے کیا بے حد ضروری ہے ؟ [1]

(A) شہرت (B) دولت (C) تعلیم (D) طاقت

(xi) مصرعہ "لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے" ۔ "قضا" کے معنیٰ ہیں [1]

(A) عمل (B) زندگی (C) موت (D) عقل

(xii) عوامی شاعر کے نام سے کون مشہور ہیں ؟ [1]

(A) غالبؔ (B) نظیر اکبر آبادی (C) اقبالؔ (D) میرؔ

(xiii) سعادت علی، وزیر علی کا کون تھا ؟ [1]

(A) دادا (B) چاچا (C) بھائی (D) باپ

(xiv) WWW کے معنیٰ ہیں [1]

(A) ورلڈ وِمن ویلفیئر (B) ومن ورک ویلفیئر (C) ورلڈ ورک ویب (D) ورلڈ وائڈ ویب

(xv) مکان کی جمع بناؤ۔ [1]

(A) مکانات (B) مکی (C) امکان (D) امکانات

(xvi) نزدیک کا متضاد ہوگا [1]

(A) پاس (B) قریب (C) اندر (D) دور

(xvii) سبق "بے تکلّفی" میں اُردو کے کس بڑے شاعر کا نام لیا گیا ہے ؟ [1]

(A) غالبؔ کا (B) ذوقؔ کا (C) میرؔ کا (D) اقبالؔ کا

(xviii) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں ؟ [1]

(A) مقطع (B) مطلع (C) ردیف (D) قافیہ

(SECTION – A) / حصہ – الف

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھئے۔

(i) میرؔ تقی میر کہاں پیدا ہوئے ؟ **[1]**

(A) جے پور (B) آگرہ (C) دہلی (D) لکھنؤ

(ii) اُردو کا تعلق کس خاندان سے ہے ؟ **[1]**

(A) مغلیہ (B) انگریزی (C) ہند آریائی (D) فارسی

(iii) آنکھیں کس وٹامن کی کمی سے خراب ہو جاتی ہیں ؟ **[1]**

(A) وٹامن-A (B) وٹامن-C (C) وٹامن-B (D) وٹامن-D

(iv) نظم پہاڑ اور گلہری کے شاعر ہیں **[1]**

(A) غالبؔ (B) میرؔ (C) اقبال (D) جوشؔ

(v) شعر پورا کیجئے۔ **[1]**

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا

____

(A) کیا خوب چشمہ تونے ، اے مہرباں بنایا (B) یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

(C) پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا (D) کیسی زمیں بنائی ، کیا آسماں بنایا

(vi) "غالبؔ" کا اصل نام ہے **[1]**

(A) مرزا سراج (B) مرزا اسد اللہ خاں

(C) مرزا ابراہیم (D) مرزا نواب

(vii) ہندوستان کی پہلی ملکہ کون تھی ، جو دلّی کے تخت پر بیٹھی ؟ **[1]**

(A) جودھا بائی (B) میرا بائی (C) روشن آرا (D) رضیہ سلطان

(viii) رتن سنگھ نے کون سی کہانی لکھی ؟ **[1]**

(A) کاٹھ کا گھوڑا (B) خدا کے نام ایک خط

(C) آدمی کی کہانی (D) نئی روشنی

नामांक Roll No.

Question Booklet No.

No. of Questions – **20**

No. of Printed Pages – **7**

S-72-Urdu (T.L.)

SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION, 2026

उर्दू

URDU

(Third Language)

Time : 3 Hours 15 Minutes

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اُس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔